ISSUE 02

Sarwar Foundation

MONTHLY NEWSLETTER

OCTOBER 2026





خدمتِ انسانیت کا سفر مزید وسیع

توسیعی منصوبہ



Sarwar Foundation



القرآن

جو لوگ (اللہ کی راہ میں) شب و روز اپنے مال پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتے ہیں تو ان کے لئے ان کے رب کے پاس ان کا اجر ہے اور (روزِ قیامت) ان پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ رنجیدہ ہوں گے

(سورہ البقرہ، 274)



الحدیث

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیواؤں اور مسکینوں کے کام آنے والا اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والے کے برابر ہے، یا رات بھر عبادت اور دن کو روزے رکھنے والے کے برابر ہے۔

(صحیح بخاری 5353)

Sarwar Foundation

مریض کی پہلی دوا مسیحا کی مسکراہٹ







ہسپتال محض ادویات، طبی آلات اور سفید لباس میں ملبوس عملے کا نام نہیں، بلکہ یہ امید، اعتماد اور انسانی ہمدردی کا مرکز بھی ہوتا ہے۔ بیماری انسان کے جسم ہی کو کمزور نہیں کرتی بلکہ اس کے ذہن، جذبات اور قوتِ ارادی کو بھی متاثر کرتی ہے۔ ایسے میں معالج کی شفقت، نرس اور طبی عملے کی حوصلہ افزا مسکراہٹ مریض کے لیے پہلی دوا بن جاتی ہے۔ بلاشبہ جدید طبی سہولیات علاج کی بنیاد ہیں، مگر ان سہولیات کو انسانی احترام اور ہمدردی سے آراستہ کر دیا جائے تو شفایابی کا سفر نسبتاً آسان ہو جاتا ہے۔

طبی نفسیات کے مطابق مریض جب خود کو محفوظ، محترم اور توجہ کا مستحق محسوس کرتا ہے تو اس کی بے چینی، خوف اور ذہنی دباؤ میں کمی آتی ہے۔ اعتماد پر مبنی ماحول مریض کو اپنی علامات، تکالیف اور خدشات کھل کر بیان کرنے کا حوصلہ دیتا ہے، جس سے درست تشخیص اور مؤثر علاج میں مدد ملتی ہے۔ اس کے برعکس تحقیر آمیز لہجہ، بے اعتنائی یا غیر ضروری سختی مریض کے ذہنی دباؤ میں اضافہ کر سکتی ہے۔ مسلسل اضطراب نیند، قوتِ مدافعت، بلڈ پریشر اور علاج

Sarwar Foundation



کرتا ہے، طبی عملہ کی توجہ مریض کا خوف کم کرتی ہے اور عملے کی مسکراہٹ اسے تنہائی کے احساس سے نکالتی ہے۔ یہی رویہ ہسپتال سے نکل کر پورے معاشرے میں باہمی احترام اور انسان دوستی کی فضا قائم کرتا ہے۔ حقیقی علاج وہی ہے جس میں جسم کے زخموں کے ساتھ دل کی بے قراری کا بھی مداوا ہو؛ کیونکہ مریض کی پہلی دوا بسا اوقات نسخے میں نہیں، مسیحا کی شفیق مسکراہٹ میں پوشیدہ ہوتی ہے۔ جو مریض یا ان کے لواحقین سرور فاؤنڈیشن ہسپتال رجانہ یا وطنی ہسپتال کا وزٹ کرتے ہیں، وہاں انھیں معیاری علاج کے ساتھ ہمدردانہ برتاؤ بھی میسر آتا ہے۔

سرور فاؤنڈیشن کے زیرِ اہتمام قائم ہسپتالوں کی نمایاں خوبی یہ ہے کہ یہاں بین الاقوامی معیار کی طبی سہولیات کے ساتھ مریض کی عزتِ نفس کو بھی بنیادی اہمیت دی جاتی ہے۔ مریض کو محض ایک کیس، فائل یا بستر نمبر نہیں بلکہ ایک مکمل انسان سمجھا جاتا ہے، جس کے جذبات، اندیشے اور وقار قابلِ احترام ہیں۔ چودھری محمد سرور اور مسز پروین سرور اس انسان دوست طرزِ علاج کے فروغ کے لیے براہِ راست کردار ادا کرتے ہیں۔ ان کی کوشش ہوتی ہے کہ مریض اور مسیحا کے درمیان تعلق صرف تشخیص اور دوا تک محدود نہ رہے بلکہ اس میں اعتماد، شفقت اور دل جوئی بھی شامل ہو۔

معالج کا نرم لہجہ دوا کی تاثیر میں نفسیاتی معاونت پیدا



Sarwar Foundation

سرور فاؤنڈیشن ہسپتال رجانہ کا

توسیعی منصوبہ

خدمتِ انسانیت کا سفر مزید وسیع

خصوصی رپورٹ: محمد اکرم شاہد

سابق گورنر پنجاب اور سرور فاؤنڈیشن کے بانی چودھری محمد سرور نے اپنی اہلیہ و چیئر پرسن سرور فاؤنڈیشن بیگم پروین سرور کے ہمراہ سرور فاؤنڈیشن ہسپتال رجانہ کا دورہ کیا۔ انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا، مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا اور جاری توسیعی منصوبے پر پیش رفت کو سراہا۔

اس موقع پر چودھری محمد سرور اور بیگم پروین سرور نے ہدایت کی کہ تعمیراتی کام معیار پر کوئی سمجھوتہ کیے بغیر جلد از جلد مکمل کیا جائے، تاکہ ہسپتال کی استعداد میں اضافہ ہو اور زیادہ سے زیادہ مریضوں کو بلا تاخیر علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت سرور فاؤنڈیشن کے فلاحی مشن کا بنیادی مقصد ہے۔ علاج کے منتظر مریضوں کو بروقت طبی سہولت فراہم کرنا محض ایک ذمہ داری نہیں بلکہ ایک عظیم انسانی اور اخلاقی فریضہ بھی ہے۔

میڈیکل آفیسر ڈاکٹر کامل نے ہسپتال کی کارکردگی اور توسیعی منصوبے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ ہسپتال میں آنے والے ہر مریض کو بروقت طبی توجہ دینے کے ساتھ ساتھ اس کی عزتِ نفس کا بھی مکمل خیال رکھا جاتا ہے۔ طبی عملے کو خصوصی طور پر ہدایت کی گئی ہے کہ مریضوں اور ان کے لواحقین کے ساتھ ہمدردی، شفقت اور خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے۔

چودھری محمد سرور اور بیگم پروین سرور نے طبی عملے کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایک اچھے ہسپتال کی پہچان صرف جدید طبی سہولیات نہیں بلکہ مریض کے ساتھ اپنائیت اور احترام پر مبنی برتاؤ بھی ہے۔ سرور فاؤنڈیشن ہسپتال رجانہ کا توسیعی منصوبہ مکمل ہونے سے علاقے کے ہزاروں خاندانوں کو بہتر، بروقت اور معیاری طبی سہولیات میسر آئیں گی۔









Sarwar Foundation

سرور فاؤنڈیشن ہسپتال رجانہ میں WHO کے تعاون سے

خواتین کیلئے کینسر کی مفت تشخیص اور علاج کا کامیاب پروگرام









خواتین میں چھاتی کا سرطان صحتِ عامہ کا ایک سنجیدہ مسئلہ ہے۔ پاکستان میں آگاہی کی کمی، سماجی جھجک اور طبی سہولیات تک محدود رسائی کے باعث بہت سی خواتین بروقت معائنہ نہیں کروا پاتیں۔ اکثر جسم میں غیر معمولی تبدیلیاں نمایاں ہونے پر ڈاکٹر سے رجوع کیا جاتا ہے، جس سے تشخیص میں تاخیر اور علاج میں پیچیدگیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

سرور فاؤنڈیشن خواتین کو بروقت تشخیص کی اہمیت سے آگاہ کرنے کے لیے ہر سال اکتوبر میں اپنے ہسپتال کے زیرِ اہتمام ''پنک ربن'' آگاہی واک منعقد کرتی ہے۔ اس سرگرمی کا مقصد خواتین کو باقاعدہ طبی معائنے کی ترغیب دینا اور یہ پیغام عام کرنا ہے کہ بروقت تشخیص، مؤثر علاج کی جانب بنیادی قدم ہے۔

اس حوالے سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر صبا باجوہ نے کہا کہ خواتین اپنی صحت کو ترجیح دیں اور معائنے میں تاخیر سے گریز کریں۔ انہوں نے کہا: ''میں اپنی ماؤں اور بہنوں سے اپیل کرتی ہوں کہ اپنی صحت کے لیے چند منٹ ضرور نکالیں۔ کسی غیر معمولی تبدیلی کو نظر انداز نہ کریں اور بروقت ڈاکٹر سے مشورہ کریں، تاکہ ضروری معائنے کے ذریعے مرض کی ابتدائی مرحلے میں تشخیص ممکن ہو سکے۔''

ڈاکٹر صبا باجوہ نے بتایا کہ سرور فاؤنڈیشن کی چیئر پرسن محترمہ پروین سرور کی مسلسل کوششوں سے 2022ء میں رجانہ ہسپتال میں Women Wellness Clinic قائم کیا گیا۔ اس کلینک میں خواتین کے طبی معائنے اور ابتدائی تشخیص کا باقاعدہ نظام موجود ہے، جو پسماندہ علاقوں کی خواتین کے لیے ایک اہم سہولت ہے۔

انہوں نے کہا کہ سرور فاؤنڈیشن نے WHO کے تعاون سے رجانہ ہسپتال میں mammography کی سہولت متعارف کروائی، جو خواتین کو مکمل طور پر مفت فراہم کی جا رہی ہے۔ اس اقدام کا مقصد ٹوبہ ٹیک سنگھ اور گردونواح کی خواتین کو ان کی رہائش کے قریب چھاتی کے سرطان کی تشخیص اور ابتدائی علاج کی سہولیات تک رسائی دینا ہے، تاکہ مالی مشکلات یا فاصلے کی وجہ سے طبی معائنہ مؤخر نہ ہو۔

ڈاکٹر صبا باجوہ نے کہا کہ اس پروگرام کی کامیابی میں محترمہ پروین سرور کی ذاتی دلچسپی، محنت اور خواتین کی صحت سے وابستگی کا نمایاں کردار ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مخیر حضرات کے تعاون سے علاج کی سہولیات کو مزید وسعت دی جا رہی ہے، تاکہ زیادہ سے زیادہ خواتین بروقت تشخیص اور ضروری طبی نگہداشت سے مستفید ہو سکیں۔

Sarwar Foundation

کوئی ماں بچے کی جدائی کا زخم نہ سہے

سرور فاؤنڈیشن ہسپتال رجانہ کے خصوصی دورہ کے موقع پر چیئر پرسن پروین سرور نے کہا کہ مجھے یہ دیکھ کر از حد اطمینان ہوا کہ برطانیہ اور یورپ سمیت مختلف ممالک میں مقیم ہماری بہنوں نے نوزائدہ بچوں کی صحت اور حفاظت کے لیے جو انکیو بیٹرز عطیہ کیے تھے ان کے بامقصد طبی استعمال کے باعث اب تک سینکڑوں بچوں کو بروقت طبی امداد دے کر ان کی جان بچائی گئی اس بروقت طبی امداد سے نا صرف صرف ایک بچہ صحت یاب ہوتا ہے بلکہ پورے خاندان کو خوشی و مسرت ملتی ہے، انھوں نے دورہ کے بعد اپنے تاثرات میں کہا کہ میں چونکہ تواتر کے ساتھ ہسپتال کا دورہ کرتی رہتی ہوں میرے علم میں ہے کہ جب ہسپتال میں انکیو بیٹر کی سہولت دستیاب نہیں تھی تو میری بہت ساری بہنوں نے اپنے بچوں کی جدائی کے زخم سہے، ان کے آنسو دیکھ کر ہی یہ عہد کیا تھا کہ اب کوئی ماں محض سہولت کی عدم دستیابی کی وجہ سے اپنا لخت جگر نہیں کھوئے گی اور خوشیوں سے محروم نہیں رہے گی، اللہ کا شکر ہے کہ ہماری صاحب حیثیت بہنوں کے تعاون سے ہسپتال میں انکیو بیٹر مہیا ہو سکے جس کی وجہ سے ماؤں کو ان کے پھول مل رہے ہیں اور انھیں خوشیاں نصیب ہو رہی ہیں، میں یہاں انکیو بیٹر عطیہ کرنے والی اپنی تمام بہنوں کو بھی مبارکباد دوں گی کہ ان کے تعاون سے ہم ایک عظیم انسانی خدمت انجام دینے کے قابل ہوئے۔ اس مد میں عطیہ دینے والا ہر شخص دیکھ سکتا ہے کہ یہاں تمام بچوں کو بہترین طبی نگہداشت فراہم ہو رہی ہے۔



Sarwar Foundation

انسانی جان کا تحفظ اور انکیوبیٹر

انکیوبیٹر ایک ایسا طبی باکس ہے جو کم وزن اور پری میچور بچے کے لیے مطلوبہ جسمانی درجہ حرارت کی فراہمی یقینی بناتا ہے، متوازن درجہ حرارت ایسے بچوں کی زندگی کی حفاظت کے لیے لازم ہے۔

انکیوبیٹر کسی بیماری کا علاج نہیں کرتا بلکہ بچے کی جسمانی ساخت کو طبی نقطہ نظر سے محفوظ بناتا ہے تاکہ کمزور اور کم وزن بچے کی توانائی سانس لینے کی بجائے اس کی نشوونما اور صحت یابی پر خرچ ہو۔

قبل از وقت پیدا ہونے والے بچوں کی جلد بہت کمزور ہوتی ہے اور ان کے جسم سے پانی بڑی تیزی سے خارج ہوتا ہے، انکیوبیٹر نمی، پانی اور حرارت کی وجہ سے ہونے والے نقصانات کو کم سے کم کرتا ہے، 37 ہفتے کی مدت مکمل ہونے سے پہلے پیدا ہونے والا بچہ قبل از وقت تصور ہوتا ہے جس بچے کا پیدائش کے وقت وزن 2.5 کلو سے کم ہو اسے کم وزن بچہ تصور کیا جاتا ہے، ایسے بچوں کو فوری طور پر انکیوبیٹر کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ کم وزن اور قبل از وقت پیدائش پانے والے بچوں میں موسمی اثرات برداشت کرنے کی استعداد بہت کم ہوتی ہے۔

ایک انکیوبیٹر 3 لاکھ روپے سے شروع ہو کر 12 لاکھ روپے تک کا سٹ کرتا ہے۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ پاکستان میں پرائیویٹ ہسپتالوں میں انکیوبیٹر کے استعمال کا خرچ 20 سے 40 ہزار روپے ہوتا ہے۔ بعض معروف فلاحی اداروں میں یہ خرچ 4 سے 5 ہزار روپے تک ہے مگر سرور فاؤنڈیشن رجانہ ہسپتال میں یہ اخراجات تین سو روپے سے پانچ سو روپے تک ہیں، اس کے باوجود کسی بھی مریض کا علاج اس کے پاس پیسے نہ ہونے کی وجہ سے نہیں رکتا۔









Sarwar Foundation

انسانی خدمت کا بین الاقوامی اعتراف

10 جولائی 2014ء کے روز (یونیورسٹی آف دی ویسٹ آف اسکاٹ لینڈ University of the West of Scotland) نے برطانیہ کے سابق پارلیمنٹرین، پاکستان کی ہردلعزیز سیاسی شخصیت اور پنجاب کے سابق گورنر چوہدری محمد سرور کو ان کی فروغ تعلیم اور شاندار سماجی و سیاسی خدمات کے اعتراف میں پی ایچ ڈی کی اعزازی ڈگری سے نوازا تھا۔

برطانیہ سمیت دنیا بھر میں مختلف شخصیات کو اعزازی ڈگریوں سے نوازا جاتا ہے تاہم قد اور سیاستدانوں کو ان کی سماجی خدمات کی بنیاد پر دی جانیوالی ڈگریوں کی تعداد بہت کم ہے۔

یہ بھی اپنی نوعیت کا منفرد اعزاز ہے کہ چوہدری محمد سرور کو یونیورسٹی آف دی ویسٹ آف اسکاٹ لینڈ سے پی ایچ ڈی کی اعزازی ڈگری دی گئی ہے۔





Sarwar Foundation

TRANSFORMING Healthcare In Pakistan



Sarwar Foundation has two full service hospitals. Rajana established in 2004 & Chichawatni established in 2008 serve thousands each year with:

- 24/7 emergency care & ambulance services
- Operating theatres, ICUs, dialysis & maternity units
- Specialist departments in cardiology, psychiatry, physical therapy & more
- Women Wellness Clinic-supported by WHO offering free cancer screening & maternal health camps
- Artificial limbs & physiotherapy services
- Free hepatitis & TB screening & treatment
- Eye clinics-free cataract surgery & glasses
- Diagnostic labs, dental care & essential medicines through our Free Drug Bank

Mobile camps extend these services to remote areas



NO ONE IS LEFT BEHIND.

Sarwar Foundation



OUR MISSION

Together we can transform lives.

We are committed to transforming lives in Pakistan's most disadvantaged areas through:

FREE HEALTHCARE
Hospitals, blood banks, Pharmacy and mobile units.

CLEAN WATER
Filtration plants, solar pump & hand pumps

EDUCATION
Schools, Collages, scholarships and vocational training

HUNARGAH
Skills training and employment opportunities.

GLOBAL POVERTY
Food, shelter, and crisis relief

Through partnership and purpose, we are building a brighter, fairer future for all.



Sarwar Foundation

EMPOWERING FUTURE GENERATIONS THROUGH EDUCATION





Sarwar-Miraj Knowledge City (SMKC), Lahore opened in 2024, SMKC offers a full curriculum from pre-nursery to intermediate, with a strong emphasis on sports & student wellbeing.

We prioritise holistic development through regular health camps, awareness sessions, cancer education & first-aid training.

WE BELIEVE EDUCATION IS THE KEY TO A BETTER FUTURE.



Sarwar Foundation

CLEAN WATER

FOR EVERY COMMUNITY



The Sarwar Foundation clean water initiatives in Pakistan, ensuring access to safe drinking water for millions of people every day Since launching our Clean Drinking Water Initiative in 2013, we have become one of the largest providers of clean water in Punjab & Balochistan.

Reverse osmosis plants in mosques, schools, hospitals, prisons, police stations, & other sites including rural communities Solar-powered pumps and UNICEF approved hand pumps for widows, orphans, remote communities & people with disabilities ensuring they have easy access to clean water Tree planting to enhance the environment & combat air pollution, creating cleaner, greener communities.




TOGETHER, WE'RE IMPROVING HEALTH, PREVENTING WATERBORNE DISEASE AND RESTORING DIGNITY.

Sarwar Foundation

TRANSFORMING LIVES IN PAKISTAN







With a population of over 240 million, Pakistan faces deep-rooted challenges poverty, limited healthcare, unsafe drinking water and barriers to education.

Marginalised women and children often bear the greatest burden, trapped in a cycle of hardship and limited opportunity.

Rural communities struggle with a lack of medical facilities, high maternal and child mortality, malnutrition and unemployment. Many families cannot afford quality schooling, and women are deprived of the skills and support needed to become financially independent.

Yet, with the right interventions healthcare access, clean water, education, skills training, and social protection. These challenges can be transformed into opportunities for progress and dignity.



Sarwar Foundation

INTERNATIONAL DAY OF CHARITY















On this International Day of Charity, Sarwar Foundation reaffirms its commitment to serving humanity with compassion, dignity and hope. Charity is not only about giving — it's about creating opportunities, supporting vulnerable communities and making a meaningful difference in people's lives.

Sarwar Foundation

Sarwar Foundation Contributes to Bridging Pakistan's

LITERACY Gap

International Literacy Day serves as a reminder that ensuring access to education is a national responsibility. According to a policy report by the Civil Services Academy, 25 million children in Pakistan remain out of school. Educational exclusion on this scale constrains human development, limits economic opportunity and undermines the country's prospects for sustainable progress.

Schools operated by the Sarwar Foundation are contributing to efforts to narrow this gap by providing children with opportunities to learn and build a better future.



